سوال

(71) وتر کی نماز ایک رکعت یا تین رکعت الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

وتر کی نماز ایک رکعت یا تین رکعت ، بغیر دعائے قنوت پڑھنے سے وتر کی نماز ہو جاتی ہے یا نہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایک رکعت بھی ہے تین رکعت بھی ہے ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وتر کو اگر چاہو تو ایک رکعت پڑھو چاہو تو تین رکعت پڑھو ابوداؤد و نسائی ۔ اور بغیر قنوت پڑھے نماز وتر ہو جائے گی ۔ کیوں کہ قنوت کا پڑھنا فرض اور ضروری نہیں ہے ۔ واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 3 ص 194

محدث فتویٰ